KOH-E-YAAR, آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ

قیمت 5 روپے

ABC CERTIFIED

روزنامہ

www.dailykoheyar.com

کوہِ یار

نوشکی / بلوچستان

بلوچستان کے قلب نوشکی سے شائع ہونے والا کثیرالاشاعت اخبار

صفحات 4

جلد 20 | جمعۃ المبارک 14 اگست 2026ء فون نمبر 081-2869274 فیکس نمبر 081-2869273 | شمارہ 289

اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تنخواہوں اور مراعات میں بڑا اضافہ

سپریم کورٹ ججز کی نئی تنخواہیں 15 لاکھ مقرر

اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں اضافے کا اطلاق 10 دسمبر 2025ء سے ہوگا، گزشتہ مدت کا مالی فائدہ بھی سپریم کورٹ ججز کو دیا جائے گا اضافے کے بقایا جات بھی ادا کیے جائیں گے

چیف جسٹس کی ماہانہ بنیادی تنخواہ 15 لاکھ 50 ہزار روپے مقرر کردی گئی، سپریم کورٹ کے دیگر ججز کی ماہانہ بنیادی تنخواہ 15 لاکھ روپے ہوگی، سپریم کورٹ ججز کی بنیادی تنخواہ 11 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے کردی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی سفارش پر صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے سمری کی منظوری کے بعد سپریم کورٹ ججز کی تنخواہیں اور مراعات وفاقی آئینی عدالت کے ججز کے برابر کردی گئیں، ہائیکورٹ ججز کی بنیادی تنخواہوں میں بھی اضافہ کردیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں اضافے کا اطلاق 10 دسمبر 2025ء سے ہوگا، گزشتہ مدت کا مالی فائدہ بھی سپریم کورٹ ججز کو دیا جائے گا، اضافے کے بقایاجات بھی ادا کیے جائیں گے۔ چیف جسٹس پاکستان کی ماہانہ بنیادی تنخواہ 15 لاکھ 50 ہزار روپے مقرر کردی گئی، سپریم کورٹ کے دیگر ججز کی ماہانہ بنیادی تنخواہ 15 لاکھ روپے ہوگی، سپریم کورٹ ججز کی بنیادی تنخواہ 11 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے کردی گئی۔ سپریم کورٹ ججز کے جوڈیشل الاؤنس میں بھی نمایاں اضافہ کردیا گیا، جوڈیشل الاؤنس 11 لاکھ 61 ہزار 163 روپے سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے مقرر کردیا گیا۔ جوڈیشل الاؤنس میں تقریباً 3 لاکھ 39 ہزار روپے ماہانہ اضافہ ہوگیا۔ سپریم کورٹ ججز کے پنشن پیکج میں بھی اہم تبدیلیاں کردی گئیں، پنشن سے متعلق شق میں 70 سال کی حد بڑھا کر 75 سال کردی گئی، متعلقہ شق میں 85 سال کی حد بھی بڑھا کر 90 سال کردی گئی، سپریم کورٹ ججز کیلئے ماہانہ 1 لاکھ (بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 2)

ملک بھر کیلئے فی یونٹ بجلی مسلسل 3 ماہ تک مہنگی ہونے کا امکان

سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی کے نرخ میں ہر ماہ ایک روپے 34 پیسے فی یونٹ تک اضافہ کیا جاسکتا ہے، اعداد و شمار کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد حتمی فیصلہ جاری کرے گی

بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت نرخوں میں اضافے کی درخواست پر نیپرا نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا ہے، اضافی بوجھ پڑنے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے فی یونٹ بجلی مسلسل تین ماہ تک مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کے مطابق سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی کے نرخ میں ہر ماہ ایک روپے 34 پیسے فی یونٹ تک اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت نرخوں میں اضافے کی درخواست پر نیپرا نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔ اتھارٹی درخواستوں اور متعلقہ اعداد و شمار کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد حتمی فیصلہ جاری کرے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مجوزہ اضافے کی منظوری کی صورت میں صارفین کو مسلسل تین ماہ تک اضافی ادائیگیاں کرنا پڑ سکتی ہیں، جس سے بجلی کے بلوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے نرخوں میں مجوزہ اضافے سے صارفین پر مجموعی طور پر تقریباً 34 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔ نیپرا کی جانب سے حتمی فیصلہ جاری ہونے کے بعد ہی واضح ہو سکے گا کہ بجلی (بقیہ نمبر 49 صفحہ نمبر 2)

اسلام آباد: یادگارِ فتح کی تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر و دیگر مسلح افواج کے سربراہان قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

بلوچستان کے طلبا ملک و صوبے کی ترقی میں کردار ادا کریں گے

میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے نوجوان جہاں بھی جائیں، اپنی صلاحیتوں اور مثبت کردار سے پاکستانیت کا پرچار کریں

تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوان ہی بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مختلف صوبوں کی جامعات میں اسکالرشپ پر اعلیٰ تعلیم کے لیے منتخب بلوچستان کے طلبہ و طالبات سے ملاقات کی، جس کے دوران ترقیاتی منصوبوں، گورننس، تعلیم اور دیگر اہم امور پر تفصیلی مکالمہ ہوا۔ اس موقع پر طلبہ و طالبات نے وزیراعلیٰ سے مختلف امور سے متعلق سوالات بھی کیے اور وزیراعلیٰ نے تفصیلی جوابات دیے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے طلبہ و طالبات کا میرٹ پر اعلیٰ تعلیم کے لیے انتخاب ان کے روشن تعلیمی مستقبل کی ضمانت ہے۔ اسکالرشپ کے لیے (بقیہ نمبر 48 صفحہ نمبر 2)

پاکستان کا 79 واں جشن آزادی آج جوش و خروش اور ملی جذبے کے ساتھ منایا جائیگا

کوئٹہ میں دن کا آغاز 21 توپوں کی سلامی سے ہوگا جبکہ یوم آزادی کی مرکزی تقریب بلوچستان اسمبلی کے سبزہ زار پر ہوگی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پرچم کشائی کریں، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کی بلڈنگ میں پرچم کشائی کریں، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم آزادی ملی جوش و جذبے سے منایا جائے گا تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پاکستان کا 79 واں (بقیہ نمبر 50 صفحہ نمبر 2)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے مختلف جامعات کیلئے اسکالرشپ پر منتخب ہونیوالے طلبہ ملاقات کررہے ہیں

یادگارِ فتح کی پروقار افتتاحی تقریب، قومی یکجہتی اور دفاعِ وطن کے عزم کا اظہار

اسلام آباد میں یادگارِ فتح کا افتتاح، صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے قومی جذبے کے ساتھ یادگار کا افتتاح کیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں یادگارِ فتح کی افتتاحی تقریب قومی جذبے، حب الوطنی اور دفاعِ وطن کے عزم کے اظہار کے ساتھ منعقد (بقیہ نمبر 46 صفحہ نمبر 2)

ناروے کے وزیرخارجہ کی وزیراعظم سے ملاقات، دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے (بقیہ نمبر 47 صفحہ نمبر 2)

اینٹی کرپشن کورٹس ٹرانسفر کیے گئے کرپشن کیسز دوبارہ نیب عدالتوں کو منتقل

پشاور (این این آئی) احتساب عدالتوں سے اینٹی کرپشن کورٹس منتقل کیے گئے کرپشن کے مقدمات دوبارہ نیب (بقیہ نمبر 51 صفحہ نمبر 2)

ایران تباہ ہوچکا اب مشرق وسطیٰ کا بدمعاش نہیں رہا، ٹرمپ

ایرانیوں کے پاس اب صرف جعلی خبریں اور مہنگائی کی شرح 300 فیصد ہے

لوگ امریکی بحریہ کی ناکابندی کو آہنی دیوار کا نام دے رہے ہیں اور ایران اس آہنی دیوار کے خلاف کچھ نہیں کرسکتا، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران تباہ ہو چکا ہے، اس کے پاس کوئی بحریہ اور فضائیہ نہیں، پاسداران انقلاب ختم ہو چکی، اللہ کا شکر ہے کہ ایران اب مشرق وسطیٰ کا بدمعاش نہیں رہا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ (بقیہ نمبر 45 صفحہ نمبر 2)

پیٹرولیم ڈیلرز اور حکومت کے درمیان مذاکرات ناکام

وفاقی وزیر پیٹرولیم کا 72 گھنٹے کے الٹی میٹم پر ناپسندیدگی کا اظہار، ہفتہ کی صبح ہڑتال کے فیصلے پر قائم ہیں، ملک خدا بخش

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم ڈیلرز اور حکومت کے درمیان جمعرات کو اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات ناکام ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو اسلام آباد میں پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن (پی پی ڈی اے) کے چیئرمین ملک (بقیہ نمبر 43 صفحہ نمبر 2)

غزہ کے فلسطینی قیدیوں کے لیے جانوٹ جیل میں سخت مشکلات، حالات بگڑنے لگے

مناسب صحت کی سہولتیں اور ذاتی بنیادی ضروریات فراہم نہیں کی جاتیں، کمیشن کی رپورٹ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطین میں قیدیوں اور سابق قیدیوں کے امور کے کمیشن نے کہا ہے کہ غزہ کی پٹی سے تعلق رکھنے والے فلسطینی قیدیوں کے لیے جانوٹ جیل میں انسانی حالات سخت پابندیوں، سزاؤں اور بنیادی ضروریات سے محرومی کے باعث شدید حد تک بگڑتے جا رہے ہیں حالانکہ یہ ضروریات بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں (بقیہ نمبر 44 صفحہ نمبر 2)

ٹرمپ انتظامیہ کا امیگریشن افسران کو الیکٹرک شاک دستانے دینے کا منصوبہ

دستانے سی ٹی سی ڈائیلگو کے نام سے جانے جاتے ہیں اور بعض جیلوں اور پولیس محکموں میں پہلے ہی استعمال ہورہے ہیں، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ وفاقی امیگریشن اہلکاروں کو ایسے دستانے فراہم کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے جو لوگوں کو بجلی کے جھٹکے دے سکتے ہیں۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق امریکی محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی نے ان دستانوں کی (بقیہ نمبر 42 صفحہ نمبر 2)

آدھی آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کررہی ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

انگریز کا وہی نظام مسلط ہے جس سے آزادی کے لئے ہم نے لاکھوں جانوں کا نذرانہ پیش کیا، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے 79 ویں یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ پاکستان کا قیام اللہ کا عظیم معجزہ اور برصغیر کے مسلمانوں کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ ناروے کے وزیرخارجہ اسپن بارتھ ایڈے و دیگر کا گروپ

فیلڈ مارشل سے ناروے کے وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے، دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

نارویجین وزیرخارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کی مسلح افواج کے پیشہ ورانہ کردار کو سراہا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) ناروے کے وزیر خارجہ کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے جی ایچ کیو پہنچ کر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی، پاکستان اور ناروے کے درمیان دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے عالمی امن اور علاقائی استحکام کے حوالے سے پاکستان کا موقف اجاگر کیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل نے مشترکہ (بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 2)

ہائی ٹرانسمیشن سسٹم بجلی کے 220 کے وی تین ٹاورز کو یکے بعد دھماکہ خیز مواد سے تباہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد میں اوچ پاور پلانٹ سے سبی کوئٹہ سمیت اندرون صوبہ جانے والی ہائی (بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 2)

امریکی جریدے نے مکہ معاہدے کو نئے مضبوط دفاعی صنعتی مرکز کی بنیاد قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) امریکی جریدے نے پاکستان کی عسکری مہارت، سعودی مالی وسائل اور ترک دفاعی (بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 2)

بلوچستان میں اپوزیشن بھی حکومت کی حمایتی ہے، اصغر رند

حکومت کے اراکین کو جو مراعات دی جاتی ہیں وہی مراعات اپوزیشن کو بھی حاصل ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

تربت (این این آئی) گورنمنٹ بوائز ہائی سیکنڈری سکول کلاتک میں منعقدہ عوامی کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری برائے انرجی میر اصغر رند نے کہا ہے کہ بلوچستان ملک کی واحد اسمبلی ہے جہاں اپوزیشن بھی حکومت کی حمایتی ہے، حکومت کے اراکین کو جو مراعات دی جاتی ہیں وہی مراعات اپوزیشن کو بھی حاصل ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 34 صفحہ نمبر 2)

پاکستان، چین مشترکہ کمپنی کو گوادر میں گدھا پلانٹ کے لیے 4 ایکڑ اراضی الاٹ

گوادر میں سالانہ ڈیڑھ لاکھ گدھے ذبح کرنے کی صلاحیت کا پلانٹ قائم ہوگا

گوادر (این این آئی) گوادر میں پاک چین لائیو اسٹاک ویلیو چین کی ترقی کے منصوبے کو فروغ دینے کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے مشترکہ منصوبے شہزاد اینڈ شا (پرائیویٹ) کو گدھوں کا مذبح خانہ اور پروسیسنگ فیکٹری قائم کرنے کے لیے گوادر نارتھ فری زون میں چار ایکڑ اراضی باضابطہ طور پر الاٹ کر دی گئی۔ گوادر پورٹ کے (بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 2)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ناروے کے وزیرخارجہ اسپن بارتھ ایڈے ملاقات کررہے ہیں

اسحاق ڈار سے صدر (ن) لیگ آزاد کشمیر کی ملاقات، حکومت سازی سے متعلق امور پر گفتگو

اسلام آباد/مظفر آباد (این این آئی) ڈپٹی وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر (بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 2)

طالبان رجیم کا تعلیمی نظام نظریاتی انتہا پسندی اور عسکری سوچ کو پروان چڑھانے کا ذریعہ بن گیا

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان رجیم کا تعلیمی نظام نظریاتی انتہاپسندی اور عسکری سوچ کو پروان (بقیہ نمبر 38 صفحہ نمبر 2)



کوہِ یار
Email: koheyaar@gmail.com

بقیہ کوہِ یار 01

ہے۔ نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے موجودہ چیلنجز کے پیش نظر بلوچستان کے قدرتی وسائل، پہاڑوں، ساحلوں، جنگلات اور ماحول کا تحفظ بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں مل کر بلوچستان کو سرسبز، پرامن اور خوشحال بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس یوم آزادی پر ہم عہد کریں کہ پاکستان اور بلوچستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور بلوچستان کو امن، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے۔

بقیہ کوہِ یار 02

خصوصی طارق باجوہ، وزیر خوراک سندھ، چیف سیکرٹری پنجاب، قومی فوڈ سکیورٹی اور تجارت کے وفاقی سیکرٹریز، وزیراعظم کے قومی رابطہ کار برائے خوراک، متعلقہ وفاقی و صوبائی حکام اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کے حکام نے شرکت کی۔

بقیہ کوہِ یار 03

معروف گلوکار راحت فتح علی خان، فاخر محمود اور گلوکارہ ہیتال شاہد نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری، صوبائی وزیر معدنیات شیر علی گورچانی اور سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی سمیت دیگر اہم شخصیات بھی تقریب میں شریک ہوئیں۔ کنسرٹ کے دوران شہریوں نے ملی نغموں پر بھرپور جوش و جذبے کا اظہار کیا اور پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے فضا گونجتی رہی۔ تقریب کے شرکاء نے معرکہ حق کے شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔ جشن آزادی میوزک کنسرٹ کے آغاز میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی زندگی اور جدوجہد پر مبنی خصوصی ڈاکومینٹری بھی دکھائی گئی۔ اس موقع پر وزارت اطلاعات و ثقافت پنجاب کی جانب سے جشن آزادی کے حوالے سے تیار کیا گیا خصوصی ملی نغمہ بھی ریلیز کیا گیا۔ رہے تا قیامت میرے پاکستان کے عنوان سے ملی نغمہ معروف گلوکار فاخر محمود نے گایا۔

بقیہ کوہِ یار 04

جاں بحق ہوگیا واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش تحویل میں لیکر لیبر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کردی گئی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس نے ورثاء کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ کوہِ یار 05

روپے کی تخمینہ لاگت سے جاری گوادر سیف سٹی منصوبہ حکومت بلوچستان کے محکمہ داخلہ و قبائلی امور نے محکمہ سائنس و ٹیکنالوجی کے تعاون سے شروع کیا ہے اس سلسلے میں گوادر سیف سٹی منصوبے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر آصف خان بریچ نے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔

بقیہ کوہِ یار 06

انگیز قیادت اور برصغیر کے مسلمانوں کی لازوال جدوجہد کے نتیجے میں پاکستان ایک آزاد مملکت کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ قیام پاکستان کے لیے ہمارے بزرگوں نے بے مثال قربانیاں دیں، لاکھوں افراد نے ہجرت کی اور اپنی جان و مال کی قربانی دے کر آزادی کی منزل حاصل کی صوبائی مشیر بلدیات و دیہی نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ آج ہم جس آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں، یہ ہمارے اسلاف کی جدوجہد اور قربانیوں کا ثمر ہے۔ یوم آزادی ہمیں نہ صرف خوشیاں منانے کا موقع فراہم کرتا ہے بلکہ یہ دن ہمیں اپنے قومی فرائض اور ذمہ داریوں کا احساس بھی دلاتا ہے۔ ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور سلامتی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہے تو بلوچستان ہے اور بلوچستان پاکستان کا اہم اور خوبصورت حصہ ہے بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے قربانیاں دی ہیں۔

بقیہ کوہِ یار 07

پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ ثناء اللہ اچکزئی کے اچانک انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور صدمہ انگیز ہے۔ جوان بیٹے کی جدائی والدین اور اہلخانہ کے لیے ناقابل تلافی صدمہ ہے انہوں نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ غمزدہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم ثناء اللہ اچکزئی کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، درجات بلند کرے اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی سمیت تمام پسماندگان کو صبر جمیل اور استقامت عطا فرمائے۔

بقیہ کوہِ یار 08

پروگرام پاکستان کے پاور سیکٹر میں نئی ریسرچ اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے ایک اہم قدم ہے انوویشن حب کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے نوجوانوں، محققین، جامعات، سٹارٹ اپس، صنعت اور ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پر لایا جائیگا

بقیہ کوہِ یار 09

مختلف شاہراہوں سے گزر کر میارک قاضی چوک پہنچی۔ ریلی میں سیکڑوں گاڑیاں شامل تھیں جبکہ شرکاء نے ہاتھوں میں سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے اور گاڑیوں پر بھی قومی پرچم آویزاں کیے گئے تھے۔ شہر کی سڑکوں پر قومی پرچموں کی بہار اور شرکاء کا جوش و جذبہ دیدنی تھا۔ ریلی کے دوران شرکاء نے پاکستان زندہ باد، قائداعظم زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور شہداء پاکستان کو سلام کے پرجوش نعرے لگائے۔ شرکاء نے قائداعظم محمد علی جناح کی سیاسی بصیرت، اصول پسندی اور عظیم قیادت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان لاکھوں قربانیوں، جدوجہد اور بے مثال عزم کے نتیجے میں حاصل کیا گیا وطن ہے۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ قائداعظم کے اصول اتحاد، ایمان اور تنظیم و ضبط کو اپناتے ہوئے ملک کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ کوہِ یار 10

فیڈر بیرون شہنشاہ اور پاسمیت دیگر علاقوں میں کئی درجنوں مسلح افراد ون ٹو فائیو موٹرسائیکلوں پر بھاری ہتھیاروں سے گشت کرتے ہوئے دیکھے گئے

بقیہ کوہِ یار 11

عرصے کے بعد اپنے اپنے حلقوں میں پہنچ گئے آج جشن آزادی کی تقریبات میں شرکت کرینگے جبکہ امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے نصیرآباد ڈویژن میں فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں شہروں کے داخلی اور خارجی راستے سیل چیکنگ سخت کردی گئی ہے

بقیہ کوہِ یار 12

کی شہادت کے جانکاہ صدمے کے دوران پاکستان بھر سے ملنے والی بے دریغ حمایت اور ہمدردی نے ثابت کردیا ہے کہ دونوں قوموں کا ناقابل تنسیخ رشتہ جغرافیائی سرحدوں سے کہیں بالاتر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران اور پاکستان کی قومیں صدیوں سے مشترکہ موسیقی، آرٹ، فن تعمیر اور روزمرہ زبان کے ایک ہی روحانی آہنگ سے جڑی ہوئی ہیں، جسے سرحدیں کبھی جدا نہیں کر سکتیں۔ حکیم الامت علامہ اقبال کے شعر "ای جوانان عجم، جان من و جان شما" کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کوئٹہ کو اپنا دوسرا گھر قرار دیا جہاں انہیں روزانہ اس قلبی تعلق کا عملی ثبوت نظر آتا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ نے پاکستان کے تابناک مستقبل، عوامی عزم کی استقامت اور "پاک ایران دوستی پائندہ باد" کی

پرخلوص دعاؤں کے ساتھ یوم آزادی کی مبارکباد کا پیغام مکمل کیا

بقیہ کوہِ یار 13

بلوچستان کے رائز پروگرام کے تحت اسلام آباد کے معروف ترجیحی ادارے میں پیشہ وارانہ تربیت حاصل کر رہی ہیں تربیت حاصل کرنے والی خواتین بیوٹیشن اور کاسمیٹولوجی کے شعبے میں ایک جامع رہائشی تربیتی پروگرام میں شریک ہیں جس کا مقصد انہیں روزگار، خودروزگاری اور پائیدار ذریعہ معاش کیلئے عملی اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کرنا ہے پروگرام میں تکنیکی تربیت کے ساتھ عملی تجربے اور شخصیت سازی پر بھی توجہ دی جارہی ہے تاکہ شرکاء کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں، اعتماد اور معاشی خودمختاری کے امکانات کو مزید مضبوط کیا جا سکے۔

بقیہ کوہِ یار 14

ہمیں اپنے تمام فروعی اور گروہی اختلافات بھلا کر اور ہر قسم کے تعصبات سے بالاتر ہوکر ایک متحد قوم کی شکل میں کام کرنا ہوگا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر جاری ہونے والے ایک پیغام میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ اس وقت وطن عزیز کو اندرونی و بیرونی چیلنجوں اور دہشت گردی کی عفریت کا سامنا ہے، ملک دشمن قوتیں بدامنی پھیلا کر پاکستان کو کمزور اور غیر مستحکم کرنا چاہتی ہیں ہم اپنی صفوں میں مکمل اتحاد و اتفاق قائم کرکے ہم دشمنوں کے ناپاک عزائم ناکام بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر اب بھی ہم ماضی سے سبق سیکھ کر اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار نہ کر سکے تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی کا دن تجدید عہد کا دن ہے یہ دن ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے ہمیں ایک آزاد اور خودمختار ملک دیا ہمارے بزرگوں نے اس ملک کو بنانے کے لئے جو قربانیاں دی ہیں ان کی قدر کرنی چاہیے اور پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور ترقی کے لئے سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت ملک دشمن قوتیں دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں اور پاک فوج، ایف سی، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ملک دشمن قوتوں کے خلاف برسرپیکار ہیں ملک کے اندر سیاسی اختلافات کو صرف سیاسی حد تک محدود رکھا جائے اور قومی مفادات کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے آزادی کے خلاف یا قومی وحدت کو نقصان پہنچانے والی باتیں کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو مضبوط بنانے کے لیے اتحاد، اتفاق اور باہمی بھائی چارے کو فروغ دینا ناگزیر ہے ہمیں ذاتی اور سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر ملک و ملت کے وسیع تر مفاد میں سوچنا ہوگا یہی طرز عمل پاکستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتا ہے۔

بقیہ کوہِ یار 15

ہندو پنچایت ڈھاڈر کے ترجمان سندیپ داد ھانے ڈھاڈر پریس کلب کے صحافیوں کو فون کرکے بتایا کہ آج سہ پہر تقریباً دو بجے کے قریب دن دیہاڑے رند علی ڈھاڈر کے مقامی دو ہندو بھائی تاجر گر بخش لعل اور راج کمار کے گھر میں نامعلوم مسلح ڈاکو گھس آئے جنہوں نے خواتین و بچوں کو یرغمال بنایا اور گن پوائنٹ پر نقدی ڈھائی لاکھ روپے کیش اور موبائل فونز لوٹ کر فرار ہونے میں باآسانی کامیاب ہوئے واقعے کے بعد علاقہ بالخصوص ہندو برادری میں خوف و ہراس پھیل گیا انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکوؤں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔

بقیہ کوہِ یار 16

میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ محکمہ صحت بلوچستان سے متعلق چند اہم امور پر حکومت بلوچستان کی فوری توجہ مبذول کرانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیری فری میڈیکل کالجز اور بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف سائکیٹری اینڈ بیہیورل سائنسز (BIPB) کی تدریسی آسامیوں کے لیے گریڈ 20 کے سینئر پروفیسرز کو سیکرٹریٹ میں نان ٹیکنیکل افراد یا ان سے جونیئر ڈاکٹروں کے سامنے انٹرویو کے عمل سے گزارنا ان کے مقام اور وقار کے منافی ہے۔ ان پروفیسرز نے اپنی پوری پیشہ ورانہ زندگی بلوچستان کے عوام، مریضوں اور میڈیکل طلبہ کی خدمت، تدریس، او پی ڈی، وارڈز اور دیگر طبی خدمات کے لیے وقف کی ہے پی ایم اے مطالبہ کرتی ہے کہ ان آسامیوں پر تعیناتی سینیارٹی، اہلیت اور میرٹ کی بنیاد پر سینئر موسٹ امیدواروں میں سے کی جائے۔ اگر انٹرویو ناگزیر ہو تو بلوچستان یا دیگر صوبوں کے انتہائی سینئر یا ریٹائرڈ پروفیسرز اور متعلقہ ماہرین پر مشتمل پینل تشکیل دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں خدمات انجام دینے والے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس (MS) اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز (DHO) انتہائی مشکل حالات میں صحت کا نظام چلا رہے ہیں پی ایم اے مطالبہ کرتی ہے کہ ان افسران کے لیے خصوصی مالی مراعات مقرر کی جائیں اور ان کی ماہانہ تنخواہ و مراعات کو کم از کم 10 سے 12 لاکھ روپے تک بڑھایا جائے، تاکہ قابل اور تجربہ کار ڈاکٹر دور دراز علاقوں میں بلا تعطل اور بہتر انداز میں مریضوں کی خدمت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم اے کے وفد کی وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر صحت بلوچستان سے ملاقاتوں کے دوران یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ محکمہ صحت میں ایک ہی افسر کو دیے گئے متعدد اور اضافی چارجز واپس لے جائیں گے اور تمام ٹرانسفر و پوسٹنگ میرٹ اور شفاف اصولوں کے مطابق کی جائیں گی پی ایم اے کوئٹہ برانچ مطالبہ کرتی ہے کہ اس یقین دہانی پر فوری عملدرآمد کیا جائے، تمام غیر ضروری اضافی چارجز ختم کیے جائیں اور ہر اہل افسر کو میرٹ کی بنیاد پر مناسب پوسٹنگ دی جائے تاکہ کسی ایک فرد کے پاس بیک وقت متعدد عہدوں کے چارج نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر صحت بلوچستان سے مطالبہ کرتی ہے کہ مذکورہ امور کا فوری نوٹس لیتے ہوئے عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ سینئر ڈاکٹرز کا وقار برقرار رہے، دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات بہتر ہوں اور محکمہ صحت میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ کوہِ یار 17

ہی ختم کردیا جاتا ہے، اور اب ان تمام اقدامات کے باوجود ایک مرتبہ پھر ضلع موسیٰ خیل کی جغرافیائی و انتظامی حدود کو من پسند طریقے سے تبدیل کرکے عوام پر ایک نیا انتظامی بندوبست مسلط کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان واضح کرتی ہے کہ کسی ضلع کی حدود کا تعین محض دفتری فائلوں، بند کمروں کے فیصلوں یا انتظامی صوابدید کی بنیاد پر نہیں بلکہ وہاں بسنے والے عوام کی تاریخی وابستگی، جغرافیائی حقیقت، معاشرتی رشتوں، انتظامی ضرورت اور اجتماعی مرضی و منشا کو سامنے رکھتے ہوئے ہونا چاہیے

بقیہ کوہِ یار 18

محمد حنیف کبزئی، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر تربت مختار یوسف دشتی، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر تمپ حبیب اللہ دشتی سمیت دیگر سیاسی، انتظامی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ کوہِ یار 19

کے باہمی تعاون اور طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "پڑھتا بڑھتا بلوچستان" منصوبے کے حوالے سے منعقدہ اہم مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بلوچستان میں معیاری تعلیمی اداروں کے فروغ، تعلیمی میدان میں مزید پیش رفت، اداروں کے درمیان باہمی تعاون، مستقبل کی حکمت عملی اور موثر منصوبہ بندی پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کیلئے تمام متعلقہ اداروں، ماہرین تعلیم اور ذمہ دار طبقات کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ تعلیمی اداروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید علوم، ٹیکنالوجی اور ہنر سے آراستہ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ "پڑھتا بڑھتا بلوچستان" کے ذریعے صوبے میں تعلیمی سرگرمیوں کو منظم، مربوط اور موثر بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ اجلاس کے شرکاء نے مختلف عملی تجاویز پیش کیں اور اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان بھر میں تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ اور معیار تعلیم کی بہتری کیلئے مشترکہ کوششوں کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ اس موقع پر "پڑھتا بڑھتا بلوچستان" منصوبے کے باقاعدہ دفتر کا افتتاح بھی کیا گیا، جبکہ منصوبے کی کامیابی، بلوچستان کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ تعلیم، ترقی اور خوشحال مستقبل کا بنیادی ذریعہ ہے، اس لیے بلوچستان کے ہر بچے اور نوجوان کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے بھرپور کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ کوہِ یار 20

معاشرے کے تمام طبقات کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع میسر ہوں۔ اپنے ایک پیغام میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پاکستانی قوم خصوصاً بلوچستان کے عوام کو 14 اگست، یوم آزادی پاکستان کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کی خوشی صرف رسمی تہوار منانے تک محدود نہیں، بلکہ یہ اپنے ملک، اپنے لوگوں اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل سے جڑے احساس اور ذمہ داری کا نام ہے۔ پاکستان نے مختلف ادوار میں کئی مشکلات اور چیلنجز کا سامنا کیا، لیکن اس کے عوام نے ہر مرحلے پر اپنی محنت، حوصلے، عزم اور صلاحیت سے آگے بڑھنے کا راستہ بنایا اور ثابت کیا کہ مشکلات کے باوجود ترقی کی نئی راہیں تلاش کی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ہمارے درمیان موجود زبان، ثقافت، روایات اور علاقائی رنگوں کے خوبصورت امتزاج کو منانے کا دن بھی ہے۔ اختلاف اور تنوع ہماری کمزوری نہیں بلکہ وہ خوبی ہے جو پاکستان کو ایک منفرد شناخت دیتی ہے۔ باہمی احترام، برداشت، رواداری اور ایک دوسرے کے لیے جگہ پیدا کرکے ہم اپنے معاشرے کو زیادہ پرامن، مضبوط اور بہتر بنا سکتے ہیں۔ ہمیں اختلافات سے بالاتر ہوکر ان اقدار کو فروغ دینا ہوگا جو قومی یکجہتی اور اجتماعی ترقی کو مضبوط کرتی ہیں۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ آج پاکستان کی سب سے بڑی امید اس کی نوجوان نسل ہے، جو علم، جدید ٹیکنالوجی، تخلیقی سوچ، تحقیق اور محنت کے ذریعے ملک کے لیے نئے امکانات پیدا کرسکتی ہے۔ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، ہنر اور آگے بڑھنے کا سازگار ماحول دینا دراصل پاکستان کے مستقبل کو مضبوط بنیاد فراہم کرنا ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مزید کہا کہ آزادی ہم سے یہ تقاضا بھی کرتی ہے کہ ہم اپنے حقوق کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں، ایک دوسرے کا احترام کریں اور اپنے اپنے شعبوں میں ملک کی بہتری کے لیے مثبت کردار ادا کریں۔

بقیہ کوہِ یار 21

33 ہزار میٹرک ٹن جبکہ باقی 5 لاکھ 64 ہزار میٹرک ٹن چینی کرشنگ سیزن 27-2026 شروع ہونے کے ایک ماہ کے اندر برآمد کرنے کی اجازت شامل ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بظاہر سرپلس چینی کی برآمد ایک معمول کی تجارتی سرگرمی دکھائی دیتی ہے، لیکن ماضی کے تجربات کے پیش نظر اس معاملے کو محض برآمدی اجازت تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔ اگر واقعی ملک میں 12 لاکھ میٹرک ٹن چینی ضرورت سے زائد موجود ہے تو سوال یہ ہے کہ اس سرپلس کی درست مقدار، آئندہ ملکی ضرورت اور صارفین کے لیے مناسب قیمت کا تعین کون کرے گا؟ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ شوگر سیکٹر میں ایک تشویشناک رجحان سامنے آتا رہا ہے پہلے حکومت پر سرپلس چینی برآمد کرنے کے لیے دباؤ، پھر ملکی مارکیٹ میں قلت، قلت کے باعث قیمتوں میں اضافہ، اور اس کے بعد اسی قلت کو بنیاد بنا کر چینی درآمد کرنے کی اجازت کا مطالبہ۔ پہلے برآمد، پھر قلت، پھر مہنگی فروخت اور آخر میں درآمد — یہ کاروباری سرگرمی نہیں بلکہ عوام اور قومی خزانے پر بوجھ ڈالنے والا ایک خطرناک چکر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو شوگر ملز یا کسی بھی مفاد رکھنے والے فریق کے فراہم کردہ اعداد و شمار پر مکمل انحصار کرنے کے بجائے ملک میں موجود چینی کے حقیقی ذخائر، صوبائی ضروریات، ماہانہ کھپت، رمضان اور دیگر موسمی طلب، آئندہ کرشنگ سے متوقع پیداوار اور ممکنہ برآمد کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کا آزادانہ اور جامع جائزہ لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر 12 لاکھ میٹرک ٹن واقعی ضرورت سے زائد ہے تو شفاف اور قابل تصدیق اعداد و شمار کی بنیاد پر برآمد کی اجازت دی جا سکتی ہے، لیکن اسے ملکی صارفین کے لیے وافر ذخیرے، مناسب قیمت، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور لازمی اسٹریٹجک اسٹاک برقرار رکھنے کی واضح شرائط سے مشروط کیا جانا چاہیے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ حکومت کو چینی کے لیے مستقل، شفاف اور قابل پیش گوئی برآمدی و درآمدی پالیسی وضع کرنا ہوگی۔ اگر مخصوص بااثر گروہ کبھی سرپلس کے نام پر برآمد اور کبھی قلت کے نام پر درآمد کی منظوری حاصل کرتے رہیں تو ریاستی پالیسی کی شفافیت اور حکومتی نگرانی پر سوالات اٹھتے رہیں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مصنوعی قلت پیدا کرکے غیر معمولی منافع کمانے، ذخیرہ اندوزی اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے ذمہ دار عناصر کا تعین مسابقتی کمیشن، متعلقہ تحقیقاتی اداروں اور آزاد آڈٹ کے ذریعے کیا جائے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار نے کہا کہ حکومت کی رٹ اسی وقت مضبوط ہوگی جب پالیسی سازی چند بااثر کاروباری گروہوں کے دباؤ کے بجائے شفاف اعداد و شمار، آزادانہ تجزیے اور عوامی مفاد کی بنیاد پر ہو۔ معاملہ صرف 12 لاکھ میٹرک ٹن چینی کی برآمد کا نہیں بلکہ ریاستی نگرانی، مارکیٹ کی شفافیت اور عوام کے حق خرید کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت برآمد کی اجازت دینے سے پہلے یہ ضمانت حاصل کرے کہ ملکی صارفین کے لیے وافر ذخیرہ اور مناسب قیمت برقرار رہے۔ بصورت دیگر آج کا "سرپلس" کل کی "قلت" بنتا رہے گا اور اس قلت کا سب سے بھاری بل وہی عام پاکستانی ادا کرے گا جو پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ چینی چند طاقتور حلقوں کے منافع کا ذریعہ ہی نہیں بلکہ عوام کی بنیادی غذائی ضرورت ہے۔ حکومت کو برآمدی مافیا کے مفادات کے بجائے عوامی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے شوگر سیکٹر میں شفافیت، جوابدہی اور موثر نگرانی یقینی بنانا ہوگی۔

بقیہ کوہِ یار 21

کی۔ اجلاس میں اپوزیشن رکن سینیٹر علی ظفر کے مسلم فیملی قوانین 2024 بل میں ترامیم کا جائزہ لیا گیا۔ سینیٹر علی ظفر کی طرف سے پیغام موصول ہوا کہ وہ بائیکاٹ کے باوجود اس بل پر اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، جس پر بل پر مزید غور موخر کردیا گیا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کے مسلم فیملی قانون بل 2024 اور سینیٹر سرمد علی کے مسلم فیملی قانون بل 2026 پر بھی غور کیا گیا۔ بل میں بغیر اجازت دوسری شادی کرنے پر خاوند پر موجودہ پانچ ہزار روپے جرمانے کو بڑھا کر پچاس ہزار روپے کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا، جس کی کمیٹی نے شدید مخالفت کی۔ رکن کمیٹی سینیٹر ڈاکٹر عبدالکریم نے کہا کہ جب شریعت نے دوسری شادی پر کوئی پابندی نہیں لگائی تو قانون پانچ ہزار جرمانے کی بھی پابندی کیسے لگا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ پچاس ہزار جرمانہ کرنا چاہتے ہیں حالانکہ پانچ ہزار جرمانہ بھی شریعت کے خلاف ہے۔ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے بھی بغیر اجازت دوسری شادی پر جرمانے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ قانون میں موجود پانچ ہزار روپے کا جرمانہ بھی ختم کیا جائے۔ اجلاس میں نکاح فارم صرف فیملی کورٹ میں رجسٹرڈ ہونے کی ترمیم پر بھی بحث ہوئی۔ سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ جگہ جگہ موجود نکاح رجسٹرار کی وجہ سے بہت سے مسائل پیدا ہورہے ہیں۔ کمیٹی نے اس بل پر مزید غور کرنے کا فیصلہ کیا۔ اجلاس میں بیک وقت تین طلاقوں کو ایک تصور کیا جائے یا نہیں، اس معاملے پر بھی بحث ہوئی۔ کمیٹی نے اس حوالے سے اسلامی نظریاتی کونسل سے رائے مانگ لی۔ اگر شادی شدہ خاوند اپنے بچے کی ولدیت سے انکار کردے تو کیا ہوگا، اس سوال پر کمیٹی نے واضح کیا کہ خاندان کو بچانے کے لیے خاوند کے انکار کے باوجود بچہ اسی کا تصور ہوگا۔ بچے کا ڈی این اے کرانے کی بھی ضرورت نہیں ہوگی جبکہ ولدیت سے انکار کرنے والے والد کو باقی بچوں کی طرح اس بچے کے اخراجات بھی ادا کرنے ہوں گے۔ اگر کسی خاتون کے ساتھ ریپ ہو جائے اور بچہ پیدا ہو جائے تو اس کے حسب نسب کے بارے میں ارکان کے سوال پر

گزشتہ 365 دن: بلوچستان میں عوامی خدمت اور ترقی کا نیا سفر

رپورٹ: منظور احمد مگسی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں گزشتہ 365 دن صوبے میں عوامی فلاح، ترقیاتی منصوبہ بندی، ادارہ جاتی اصلاحات اور جدید طرز حکمرانی کے حوالے سے اہم اقدامات سے عبارت رہے۔ حکومت نے بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، نوجوانوں کے لیے روزگار اور ہنر کے مواقع، تعلیم و صحت کی بہتری، خواتین کی معاشی و سماجی شمولیت، زراعت و آبپاشی کے فروغ، توانائی، معدنیات، صنعت، مواصلات، شہری سہولیات اور ڈیجیٹل گورننس سمیت مختلف شعبوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی۔ تعلیم کے میدان میں ہونہار طلبہ کے لیے اسکالرشپس، اعلیٰ تعلیم کے مواقع اور بین الاقوامی تعلیمی اداروں تک رسائی کو فروغ دیا گیا، جبکہ آکسفورڈ پاکستان پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے طلبہ کے لیے عالمی معیار کی اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھولنے کی کوشش کی گئی۔ صحت کے شعبے میں بلوچستان ہیلتھ کارڈ، مستحق مریضوں کے علاج میں معاونت، ہسپتالوں کی بہتری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ صحت کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے پر بھی توجہ دی گئی۔ نوجوانوں کو صوبے کا قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے فنی تربیت، ڈیجیٹل مہارتوں، فری لانسنگ، کاروباری صلاحیتوں اور بیرون ملک روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے اقدامات کیے گئے تاکہ نوجوانوں کو باعزت روزگار کے قابل بنایا جا سکے۔ حکومت نے ڈیجیٹل بلوچستان کے تصور کو بھی عملی شکل دینے کی کوشش کی، جس کے تحت سرکاری امور میں ٹیکنالوجی کے استعمال، ڈیجیٹل گورننس، ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی، بجٹ سازی کی ڈیجیٹلائزیشن اور شماریاتی معلومات تک عوام کی رسائی کے لیے جدید نظام متعارف کرائے گئے۔ اسی طرح حکومت کے ترقیاتی منصوبوں، پالیسیوں اور دیگر اقدامات کو ڈیجیٹل میڈیا پر اجاگر کرنے کیلئے باقاعدہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کی منظوری دی گئی ہے۔ زراعت اور آبپاشی کے شعبے میں پانی کے بہتر استعمال، ڈیموں، آبپاشی کے منصوبوں، زرعی پیداوار اور لائیو اسٹاک کے فروغ پر توجہ دی گئی، جبکہ توانائی کے شعبے میں شمسی توانائی اور قابل تجدید ذرائع کو فروغ دینے کے اقدامات کیے گئے تاکہ دور دراز علاقوں میں بھی بجلی کی ضروریات پوری کی جا سکیں۔ بلوچستان کے معدنی وسائل کو صوبے کی معاشی ترقی کا ذریعہ بنانے کے لیے معدنیات، صنعت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں نئے امکانات تلاش کیے گئے، جبکہ گوادر اور ساحلی بلوچستان کو معاشی سرگرمیوں، تجارت اور سرمایہ کاری کے مرکز کے طور پر ترقی دینے پر بھی توجہ دی گئی۔ شہری سہولیات میں بہتری کے لیے کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانے کے اقدامات کیے گئے، جن میں گرین بس سروس اور خواتین کے لیے پنک بس سروس جیسے منصوبے شامل ہیں۔ خواتین کے لیے محفوظ سفری سہولیات، تعلیم، ہنر، کاروبار اور معاشی خودمختاری کے مواقع بڑھانے کی کوشش بھی حکومتی ترجیحات میں شامل رہی۔ اسی طرح صوبے کے مختلف اضلاع میں سڑکوں، پلوں، پانی کی فراہمی، شہری انفراسٹرکچر اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق منصوبوں پر کام آگے بڑھایا گیا تاکہ دور دراز علاقوں کو بہتر مواصلاتی رابطوں سے منسلک کیا جا سکے۔ سماجی بہبود کے شعبے میں مستحق افراد، مریضوں، خواتین اور بچوں کے لیے معاونت اور سماجی تحفظ کے اقدامات کو بھی اہمیت دی گئی۔ مجموعی طور پر گزشتہ 365 دنوں میں میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان کی پالیسی کا مرکز انسانی ترقی، عوامی خدمات، نوجوانوں کا مستقبل، معاشی سرگرمیوں کا فروغ اور جدید طرز حکمرانی رہا۔ بلوچستان کے مسائل طویل عرصے سے چلے آ رہے ہیں اور صوبے کا وسیع جغرافیہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم گزشتہ ایک سال کے دوران تعلیم، صحت، روزگار، ڈیجیٹل گورننس، انفراسٹرکچر، زراعت، توانائی، معدنیات، خواتین اور نوجوانوں سے متعلق اقدامات نے صوبے کی ترقی کے لیے ایک وسیع سمت متعین کی ہے۔ آنے والے دنوں میں ان منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفافیت، میرٹ اور ان کے ثمرات کی بلوچستان کے عام شہری تک رسائی ہی اس ترقیاتی سفر کی اصل کامیابی کا پیمانہ ہوگی۔



جعفر خان مندوخیل

گورنر بلوچستان

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے جشن آزادی پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں پوری قوم کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزادی درحقیقت انسانی زندگی کا اصل جوہر ہے جو افراد اور قوموں کو خودمختاری کے ساتھ زندگی گزارنے، آزادانہ فیصلے کرنے اور اپنی تقدیر خود تشکیل دینے کا حق عطا کرتی ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں 14 اگست 1947 ایک تاریخی اور یادگار دن ہے، جب پاکستان ایک آزاد اور خودمختار مملکت کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ برصغیر کے مسلمانوں نے بے شمار قربانیاں دیکر غلامی، جبر اور استحصال سے نجات حاصل کی۔ آج کا دن ہمیں تحریک پاکستان کے ان تمام شہداء، غازیوں اور رہنماؤں کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بھی موقع فراہم کرتا ہے جنہوں نے اپنی جانوں اور مال کی قربانی دیکر ہمارے لیے آزاد وطن حاصل کیا۔ اس ضمن میں ہمارے بزرگوں نے اپنا فرض ادا کر دیا، اب یہ ہماری، بالخصوص نوجوان نسل کی ذمہ داری ہے کہ آزادی کی قدر و حفاظت کریں اور پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے بلند حوصلے، قومی جذبے اور حب الوطنی کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں۔ پاکستان نے اپنے قیام سے لے کر آج تک ایک طویل اور قابل ذکر سفر طے کیا ہے، تاہم ہمیں اب بھی متعدد چیلنجز کا سامنا ہے جو قومی تعمیر و ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔ موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ پوری قوم ایک مرتبہ پھر تحریک پاکستان کے جذبے کو زندہ کرے اور قومی اتحاد، یکجہتی، برداشت اور باہمی اتفاق و تعاون کو فروغ دے تاکہ ہم سب مل کر ملک کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنا سکیں۔ ہمیں ایک ایسے مضبوط، خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کیلئے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی جہاں ہر شہری کو مساوی مواقع، انصاف، تعلیم، روزگار اور باعزت زندگی میسر ہو۔ اس مقصد کے حصول کیلئے معاشی استحکام، سماجی انصاف، سیاسی ہم آہنگی، قانون کی حکمرانی اور اداروں کے استحکام کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی حقیقی طاقت اس کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل کے عزم، صلاحیت اور کردار میں پوشیدہ ہے۔ ہمیں اپنے نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، ٹیکنالوجی اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کر کے انہیں قومی ترقی کا مؤثر شراکت دار بنانا ہوگا۔ نوجوان نسل اگر اتحاد، محنت، دیانت اور حب الوطنی کو اپنا شعار بنائے تو کوئی رکاوٹ پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی منزل تک پہنچنے سے نہیں روک سکتی۔ آیئے ہم یہ عہد کریں کہ ہم پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور قومی وقار کا ہر حال میں تحفظ کریں گے اور پاکستان کی تعمیر و ترقی کیلئے اپنے حصے کا کردار ادا کرینگے۔

میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان

14 اگست ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے بزرگوں نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی قیادت میں ایک آزاد وطن کے حصول کے لیے پیش کیں۔ یہ دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع بھی فراہم کرتا ہے کہ ہم پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار بھرپور انداز میں ادا کریں گے۔ بلوچستان کے عوام ہر سال کی طرح اس سال بھی بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ جشن آزادی منا رہے ہیں۔ صوبے بھر میں منعقد ہونے والی تقریبات میں عوام کی بھرپور شرکت اس بات کا واضح اظہار ہے کہ اہل بلوچستان پاکستان سے اپنی محبت اور وابستگی کو دل و جان سے مقدم رکھتے ہیں۔ آج کے دن میں وطن عزیز کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ شہداء کے اہل خانہ کو یقین دلاتا ہوں کہ بلوچستان کا بچہ بچہ ان کے پیاروں کی عظیم قربانی اور مقدس خون کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ہم ان عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کے نام میرا خصوصی پیغام ہے کہ ہمارا مستقبل تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور ہنر میں ہے۔ نوجوان دہشت گرد عناصر کے گمراہ کن پروپیگنڈے سے دور رہیں اور اپنی توانائیاں تعلیم، تحقیق، ہنر اور ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے صرف کریں۔ ہم نے نوجوانوں کے لیے میرٹ پر مبنی بھرتیوں، تعلیمی وظائف، روزگار اور جدید تعلیم کے فروغ سمیت متعدد اصلاحات اور منصوبے شروع کیے ہیں۔ میرا یقین ہے کہ نوجوانوں کو میرٹ پر آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کر کے ان کا اعتماد حکومت اور ریاست پر مزید مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ دہشت گردی کے ذریعے بلوچستان کے عوام کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیلنے والے عناصر کو شکست کا سامنا کرنا ہوگا۔ پاکستان کی ترقی اور اس کی دائمی فتح کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان حالیہ دفاعی معاہدے پر میں صدر مملکت، وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پاکستان کی دفاعی صلاحیت، سلامتی اور عالمی وقار میں اضافے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو اہل بلوچستان قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ پاکستان کو ترقی کرتا اور دنیا میں اپنا مقام بلند کرتا دیکھ کر ہمارا دل خوشی سے باغ باغ ہوتا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور بلوچستان کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنائے، وطن عزیز کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے اور اسے ترقی و خوشحالی کی نئی بلندیوں سے ہمکنار فرمائے۔

پاکستان ہمیشہ زندہ باد

شکیل قادر خان

چیف سیکرٹری بلوچستان

یوم آزادی پاکستان ہمارے قومی سفر کا ایک عظیم اور تجدید عہد کا دن ہے، جو ہمیں آزادی کی قدر و قیمت کے ساتھ ساتھ اپنی قومی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے۔ 14 اگست ہمیں امن، اتحاد، خودمختاری اور ترقی کے اُس راستے کی یاد دلاتا ہے جس کی بنیاد قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت، علامہ اقبال کے تصور اور ہمارے بزرگوں کی بے مثال قربانیوں پر رکھی گئی۔

بلوچستان پاکستان کا اہم اور باوقار حصہ ہے۔ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، امن و استحکام، تعلیم، صحت، روزگار، بنیادی ڈھانچے اور نوجوانوں کے لیے بہتر مواقع کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور مساوی مواقع کے ذریعے قومی ترقی کے دھارے میں مزید مضبوط کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جائے۔

میں خصوصاً نوجوان نسل سے کہنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کا مستقبل ان کے ہاتھوں میں ہے۔ تعلیم، ہنر، میرٹ، محنت، قانون کی پاسداری اور مثبت سوچ کو اپنا کر نوجوان نہ صرف اپنی زندگی بہتر بنا سکتے ہیں بلکہ ملک کی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔

آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم قائداعظم کے اصولوں ایمان، اتحاد اور تنظیم کو اپنی قومی زندگی کا حصہ بنائیں گے اور پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنی ذمہ داریاں خلوص نیت سے ادا کریں گے۔

پاکستانی قوم نے ہمیشہ مشکل حالات کا حوصلے، اتحاد اور عزم کے ساتھ مقابلہ کیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قومی یکجہتی اور اجتماعی کوششوں کے ذریعے ہم موجودہ چیلنجز پر قابو پاتے ہوئے پاکستان کو مزید مضبوط، مستحکم اور خوشحال ملک بنانے میں کامیاب ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ پاکستان کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہمیں وطن عزیز کی خدمت کا موقع اور توفیق دے۔

پاکستان ہمیشہ زندہ باد

اسٹیئرنگ کمیٹی کا 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ برقرار رکھنے پر اتفاق

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، صوبوں کے پیش کردہ مطالبات کی روشنی میں گندم کی دستیابی کا جائزہ

کمیٹی کا ملکی ضروریات پوری کرنے، قیمتوں کے دباؤ میں کمی لانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کے اپنے فیصلے کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعرات کو یہاں گندم سے متعلق امور کی سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں صوبوں کی جانب سے پیش کردہ مطالبات کی روشنی میں گندم کی دستیابی اور ضروریات کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے ملکی ضروریات پوری کرنے، قیمتوں کے دباؤ میں کمی لانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کے اپنے فیصلے کا اعادہ کیا۔ اجلاس میں وزیر برائے فوڈ سیکیورٹی، وزیر تجارت، وزیراعظم کے معاون (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر2 پر)

☆☆کوئٹہ 14 اگست کے موقع پر صوبائی دارالحکومت میں سرکاری عمارتوں کو برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے☆☆

تاریخ مسخ نہیں کرنی چاہیے بچوں کو سچ بتانا ہوگا، سعید غنی

پاکستان بننے کے وقت حالات اچھے نہیں تھے اور قیام پاکستان کے بعد کئی سال تک ملک کو جس طرح چلایا گیا

غلط کو غلط اور درست کو درست قرار دینے کا فیصلہ ہی کامیاب پاکستان کی بنیاد بن سکتا ہے، صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ ہمیں اپنی تاریخ کو کسی صورت مسخ نہیں کرنا چاہیے اور ملک کے قیام سمیت اس کے بعد پیش آنے والے تمام حقائق بچوں کو سچ بتانے چاہئیں تاکہ انہیں سچ سننے کی عادت ہو۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار تکریم اساتذہ فاؤنڈیشن کے تحت ڈی ای او آفس ڈسٹرکٹ ایسٹ میں منعقدہ یوم آزادی پاکستان کی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ڈی او پرائمری اینڈ سیکنڈری (بقیہ نمبر32 صفحہ نمبر2 پر)

پاکستان، چین مشترکہ کمپنی کو گوادر میں گدھا پلانٹ کے لیے 14 ایکڑ اراضی الاٹ

گوادر میں سالانہ ڈیڑھ لاکھ گدھے ذبح کرنے کی صلاحیت کا پلانٹ قائم ہوگا

گوادر (این این آئی) گوادر میں پاک چین لائیو اسٹاک ویلیو چین کی ترقی کے منصوبے کو فروغ دینے کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے مشترکہ منصوبے شہزاد اینڈ شا (پرائیویٹ) کو گدھوں کا مذبح خانہ اور پروسیسنگ فیکٹری قائم کرنے کے لیے گوادر نارتھ فری زون میں چار ایکڑ اراضی باضابطہ طور پر الاٹ کر دی گئی۔ گوادر پرو (بقیہ نمبر31 صفحہ نمبر2 پر)

ڈیرہ اللہ یار اور چھتر پولیس کی کامیاب کارروائی، کمسن بچہ بازیاب

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار اور چھتر پولیس کی مشترکہ چھاپہ مار کامیاب کارروائی دو مغوی خواتین سمیت ایک کم سن بچہ بازیاب کوئی گرفتاری عمل (بقیہ نمبر30 صفحہ نمبر2 پر)

ژوب کے علاقے میں ڈیم میں ڈوب کر ایک شخص ہلاک ہوگیا

ژوب (این این آئی) ژوب کے علاقے میں ڈیم میں ڈوب کر ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ژوب کے علاقے کلی خوجلوئی عبداللہ زئی میں ایک شخص اختر محمد ولد شاہ محمد پیورہ ڈیم میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا پولیس اور غوطہ خوروں نے نعش پانی سے (بقیہ نمبر29 صفحہ نمبر2 پر)

وطن عزیز کی بنیادوں میں اسلاف کا خون شامل ہے، صادق عمرانی

ہزاروں لوگوں نے اپنی قیمتی جانیں نچھاور کر کے ہمیں یہ عظیم تحفہ دیا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے یوم آزادی 14 اگست کے موقع پر تمام اہل وطن کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر نے کہا کہ آزادی رب العزت کی عطا کردہ ان عظیم نعمتوں میں سے ہے جس کے لیے پوری زندگی (بقیہ نمبر28 صفحہ نمبر2 پر)

سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ میر یونس بلوچ کا سپیکر بلوچستان اسمبلی کے بیٹے کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) سابقہ ڈپٹی میئر کوئٹہ حاجی میر یونس بلوچ نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے جواں سال صاحبزادے ثناء اللہ اچکزئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے حاجی میر یونس بلوچ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا (بقیہ نمبر27 صفحہ نمبر2 پر)

پاکستان عظیم قربانیوں، جدوجہد اور بے مثال عزم کا ثمر ہے، بلال کاکڑ

ملکی ترقی، خوشحالی و استحکام کیلئے اپنے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان عظیم قربانیوں، جدوجہد اور بے مثال عزم کا ثمر ہے، یوم آزادی ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یاد کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد، ایمان، نظم وضبط اور قومی یکجہتی ہی وہ اصول ہیں جنہیں اپناتے ہوئے ہم پاکستان کو ایک مضبوط اور خوشحال ملک بنا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر میں جشن آزادی کے سلسلے میں منعقدہ (بقیہ نمبر26 صفحہ نمبر2 پر)

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ، قائم لاشاری و دیگر جشن آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں

79واں یوم آزادی نئی نسل کیلئے مشعل راہ، بزرگوں کی عظیم قربانیاں کو اجاگر کرنے کا دن ہے، سردار سربلند جوگیزئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کی انقلاب آفرین جدوجہد قائداعظم کی (بقیہ نمبر25 صفحہ نمبر2 پر)

انٹری لسٹ میں اضافہ کر کے اسے 3000، تمام متاثرہ مستحق افراد کو شامل کیا جائے، عبداللہ رضا عابد توتانی

والبندین (این این آئی) دالبندین پریس کلب کے سامنے نیال خان سمالانی کی قیادت میں نیو انٹری کے متاثرین نے (بقیہ نمبر24 صفحہ نمبر2 پر)

محکمہ ریلویز نیر ریلوے ٹریک کی مرمت کے سلسلے میں اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس ایک مرتبہ پھر معطل کردی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ریلویز نیر ریلوے ٹریک کی مرمت کے سلسلے میں اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس ایک مرتبہ پھر معطل کردی کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کی آمدورفت 14 اور 15 اگست کو بند رہے گی، پشاور سیکوٹہ آنیوالی جعفر (بقیہ نمبر23 صفحہ نمبر2 پر)

بغیر اجازت دوسری شادی پر جرمانہ شریعت کے خلاف قرار

سینیٹر مولانا عطا الرحمٰن کی زیر صدارت اجلاس، ڈی جی حج مکہ کی مدت ملازمت میں توسیع کی مخالفت

اجلاس میں بیک وقت تین طلاقوں کو ایک تصور کیا جائے یا نہیں، اسلامی نظریاتی کونسل سے رائے مانگ لی

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی مذہبی امور کمیٹی نے بغیر اجازت دوسری شادی پر جرمانے کو شریعت کے خلاف قرار دے دیا۔ کمیٹی نے ڈی جی حج مکہ کی مدت ملازمت میں توسیع کی مخالفت کردی۔ جمعرات کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس کی صدارت چیئرمین سینیٹر مولانا عطا الرحمٰن نے کی۔ اجلاس میں مسلم فیملی قوانین سے متعلق بلز اور ترامیم پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے بھی خصوصی شرکت (بقیہ نمبر22 صفحہ نمبر2 پر)

اسپین کے شہر ٹیرویل کے قریب عوام کی بڑی تعداد سورج گرہن کا مشاہدہ کر رہے ہیں

حکومت مستقل، شفاف درآمدی پالیسی وضع کرے، سینیٹر قادر

قلت کا سب سے بھاری بل وہی عام پاکستانی ادا کرے گا جو پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک میں چینی کی پیداوار، برآمد، درآمد اور قیمتوں کا معاملہ ایک بار پھر حکومت، شوگر ملز اور شوگر مافیا کے درمیان سنگین سوالات کھڑے کر رہا ہے، شوگر برآمد کنندگان نے حکومت سے 12 لاکھ میٹرک ٹن سرپلس چینی برآمد کرنے کی اجازت مانگی ہے، جس میں فوری طور پر 6 لاکھ (بقیہ نمبر21 صفحہ نمبر2 پر)

آزادی کی خوشی صرف رسمی تہوار منانے تک محدود نہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

اپنے ملک، اپنے لوگوں اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل سے جڑے احساس اور ذمہ داری کا نام ہے، مشیر محکمہ نسواں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ پاکستان کی اصل طاقت اس کے لوگوں، ان کی صلاحیتوں اور ایک دوسرے کے لیے آگے بڑھنے کی سوچ میں ہے۔ یوم آزادی ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ اس ملک کی ترقی میں ہر شہری کی جگہ اور ہر آواز کی اہمیت ہے اور قومی ترقی کا سفر اسی وقت بامقصد ہوسکتا ہے جب (بقیہ نمبر20 صفحہ نمبر2 پر)

اہل بلوچستان کو امن، روزگار، تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں، مولانا ہدایت الرحمن بلوچ

بلوچستان بھر میں تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ اور معیار تعلیم کی بہتری کیلئے مشترکہ کوششوں کو مزید آگے بڑھایا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و چیئرمین الہدیٰ سکول سسٹم مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے روشن مستقبل کا راستہ معیاری اور جدید تعلیم کے فروغ سے ہو کر گزرتا ہے اہل بلوچستان حقوق، تعلیم، روزگار، تجارت وعلاج کی سہولیات سے محروم ہیں۔ صوبے کے نوجوانوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے "پڑھتا بڑھتا بلوچستان" منصوبہ صوبے میں تعلیمی معیار کی بہتری، اداروں (بقیہ نمبر19 صفحہ نمبر2 پر)

وزیر قانون سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات

سیکڑوں پاکستانی طلبہ کا تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) برطانوی ہائی کمشنر نے پاکستانی طلبا کے ویزوں میں تاخیر کا معاملہ حل کرنے کی یقین دہانی کروادی۔ وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی۔ وزیر قانون نے پاکستانی طلبہ کے ویزوں میں تاخیر پر حکومتی تشویش سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ سیکڑوں پاکستانی طلبہ کا تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ ملاقات میں ادارہ جاتی روابط اور تعاون مزید مستحکم بنانے پر بھی اظہار خیال کیا گیا۔

نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں، ملک شاہ گورگیج

صحت مند و مثبت سرگرمیوں میں مصروف رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے، رکن قومی اسمبلی

تربت (این این آئی) جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ جشن آزادی فٹبال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ آبسر فٹبال گراؤنڈ میں کھیلا گیا، جس میں پولیس اکیڈمی تربت نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے یوسی کوشقلات یوتھ فٹبال کلب کو ایک کے مقابلے میں دو گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کی ٹرافی اپنے نام کر لی۔ فائنل میچ کے مہمان خصوصی رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج اور ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی تھے۔ اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کیچ میر ہوتمان بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر تربت (بقیہ نمبر18 صفحہ نمبر2 پر)

گوادر، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمان سے سابق نگران صوبائی وزیر میر نوید کلمتی ملاقات کر رہے ہیں

جمعیت کا موسیٰ خیل کی ضلعی وجغرافیائی حدود میں من پسند ردوبدل مسترد کرنے کا اعلان

عوام کے آئینی، جمہوری اور جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ہر پرامن، جمہوری اور قانونی فورم پر بھرپور آواز بلند کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے ضلع موسیٰ خیل کی ضلعی وجغرافیائی حدود میں عوامی رائے، مقامی ضروریات، تاریخی حقائق اور زمینی صورتحال کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے من پسند انداز میں ردوبدل اور تقسیم در تقسیم کے عمل کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع موسیٰ خیل کے عوام کے ساتھ ماضی میں بھی بارہا ایسے فیصلے کیے گئے ہیں جنہوں نے نہ صرف ان کے سیاسی، انتظامی اور بنیادی حقوق کو متاثر کیا بلکہ انہیں مسلسل احساس محرومی اور پسماندگی کی طرف دھکیلا! کبھی عوام کے منتخب نمائندے کو نااہل قرار دے کر عوام کے مینڈیٹ کو متنازع بنانے کی کوشش کی جاتی ہے، کبھی سیاسی بساط لپیٹنے کے لیے ضلع کے واحد صوبائی اسمبلی کے حلقے کو (بقیہ نمبر17 صفحہ نمبر2 پر)

افسران کو دیئے گئے اضافی چارجز فوری واپس لئے جائیں، ڈاکٹر شعیب بلوچ

تمام ٹرانسفر و پوسٹنگ میرٹ اور شفاف اصولوں کے مطابق کی جائیں گی، سیکرٹری جنرل پی ایم اے کوئٹہ برانچ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شعیب بلوچ نے کہا ہے کہ محکمہ صحت بلوچستان میں افسران کو دیئے گئے اضافی چارجز فوری طور پر واپس لئے جائیں اور تمام ٹرانسفر و پوسٹنگ میرٹ اور شفاف اصولوں کے مطابق کی جائیں گی، بیری فری میڈیکل کالجز اور بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف سائیکیٹری اینڈ بیہیویورل سائنسز (BIPS) کی تدریسی آسامیوں کے لیے گریڈ 20 کے سینئر پروفیسرز کو سیکرٹریٹ میں نان ٹیکنیکل افراد یا ان سے جونیئر ڈاکٹروں کے سامنے انٹرویو کے عمل سے گزارنا ان کے مقام اور وقار کے منافی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان (بقیہ نمبر16 صفحہ نمبر2 پر)

رند علی میں ہندو تاجر کے گھر میں مسلح ڈاکوؤں کی ڈکیتی اڑھائی لاکھ روپے نقدی موبائل فونز لوٹ کر فرار

بولان (این این آئی) ڈھاڈر پولیس قیام امن میں ناکامی سے دو چار دن دیہاڑے رند علی میں ہندو تاجر کے گھر میں مسلح ڈاکوؤں کی ڈکیتی اڑھائی لاکھ روپے نقدی موبائل فونز لوٹ کر فرار۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر15 صفحہ نمبر2 پر)

آزادی بڑی نعمت، قدر کرنی چاہیے، چوہدری نعیم کریم

ملک کی آزادی کے لئے ہمارے بزرگوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، فوکل پرسن

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے ہمیں اسکی قدر کرنی چاہیے اس ملک کی آزادی کے لئے ہمارے بزرگوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں اس کا تحفظ اور تعمیر و ترقی اب ہماری ذمہ داری ہے جس سے عہدہ برآ ہونے کے لئے (بقیہ نمبر14 صفحہ نمبر2 پر)

بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی ہمارا قومی عہد ہے، نسیم الرحمان خان ملاخیل

پاکستان اور بلوچستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

ہم عہد کریں کہ پاکستان اور بلوچستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، مشیر ماحولیات

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر بلوچستان سمیت پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یوم آزادی محض جشن نہیں بلکہ اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یاد کرنے اور وطن کی ترقی وخوشحالی کے لیے تجدید عہد کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا اہم اور قیمتی صوبہ ہے، اس کی ترقی اور خوشحالی ملکی ترقی سے جڑی ہوئی ہے۔ بلوچستان میں امن وامان کا قیام، تعلیم اور صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع دینا ہماری اہم ذمہ داری (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

ٹیکساس، دوران پرواز گرنے والے امریکی فوجی ہیلی کاپٹر میں آگ لگی ہوئی ہے

ہمارے شہداء اور غازی تا قیامت ہمارا فخر رہیں گے، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں جشن آزادی کی تقریبات کا باقاعدہ آغاز ہوگیا۔ اس سلسلے میں وزارت اطلاعات وثقافت پنجاب کے زیراہتمام الحمراء کلچرل کمپلیکس میں شاندار جشن آزادی میوزک کنسرٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جشن آزادی میوزک کنسرٹ میں (بقیہ نمبر3 صفحہ نمبر2 پر)

جعفرآباد کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد مسلح افراد کی فائرنگ مقامی قبائلی شخصیت جاں بحق ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق جعفرآباد کے علاقے پولیس تھانہ حفیظ آباد کی حدود محبت شاخ کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے مقامی قبائلی رہنما وزیر خان رند (بقیہ نمبر4 صفحہ نمبر2 پر)

گوادر سیف سٹی منصوبہ، زیر زمین کیبلز اور پولز کی تنصیب مکمل

سیف سٹی منصوبہ گوادر میں سرمایہ کاری اور تجارت کے لیے سازگار ماحول بنائے گا

گوادر (این این آئی) حکومت بلوچستان نے گوادر سیف سٹی منصوبے کے تحت شہر کے اہم، حساس اور مصروف مقامات پر جدید سیکیورٹی کیمروں کی تنصیب کے لیے زیر زمین کیبلنگ اور پولز کی تنصیب کا کام مکمل کر لیا۔ گوادر پرو کے مطابق منصوبے کے اگلے مرحلے میں جدید نگرانی کیمروں کی تنصیب شروع کی جائے گی۔ 3 ارب 32 کروڑ 56 لاکھ (بقیہ نمبر5 صفحہ نمبر2 پر)

یوم آزادی قومی جوش وجذبے اور تجدید عہد کے ساتھ منایا جائے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے قربانیاں دی ہیں، صوبائی مشیر بلدیات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے 14 اگست یوم آزادی بھرپور جوش وجذبے اور قومی یکجہتی کے ساتھ منانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، جس کی قدر وحفاظت ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ (بقیہ نمبر6 صفحہ نمبر2 پر)

نواب ثناء اللہ خان زہری کا عبدالخالق اچکزئی کے جواں سال صاحبزادے کے ناگہانی انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کے جواں سال صاحبزادے ثناء اللہ اچکزئی کے ناگہانی انتقال (بقیہ نمبر7 صفحہ نمبر2 پر)

پاکستان کے پہلے نیشنل پاور سیکٹر انوویشن پروگرام کا آغاز ایک ارب روپے مختص

مسلسل ریسرچ اور نوجوانوں کے پاور سیکٹر کو صرف مزید محنت کی نہیں بلکہ تخلیقی سوچ کی ضرورت ہے

ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے نوجوانوں، محققین، جامعات، سٹارٹ اپس، صنعت اور ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پر لایا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) پاور ڈویژن نے پاکستان کے نوجوانوں کیلئے ایک ارب روپے کے پہلے نیشنل پاور سیکٹر انوویشن پروگرام کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ وزارت توانائی (پاور ڈویژن) نے پاکستان کے پہلے نیشنل پاور سیکٹر انوویشن پروگرام کا آغاز کر دیا۔ قومی پروگرام کیلئے انوویشن حب مخصوص ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا۔ نیشنل پاور سیکٹر انوویشن (بقیہ نمبر8 صفحہ نمبر2 پر)

پاکستان لاکھوں قربانیوں، جدوجہد اور بے مثال عزم کے نتیجے میں حاصل کیا گیا وطن ہے، میر یاسر بہرام رند

تربت (این این آئی) یوم آزادی پاکستان کے موقع پر مکران کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت میر یاسر بہرام رند کی ہدایت وقیادت میں تربت میں عظیم الشان کار ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں، نوجوانوں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کار ریلی کا آغاز میر یاسر رند ہاؤس سے ہوا، جو سیٹلائٹ ٹاؤن سے ہوتی ہوئی (بقیہ نمبر9 صفحہ نمبر2 پر)

حب ڈسٹرکٹ بار کے صدر حمل خان مری و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چھتر، درجنوں مسلح افراد کا بھاری ہتھیاروں کے ساتھ گشت مقامی آبادی میں سخت خوف وہراس پھیل گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد کے علاقے چھتر میں درجنوں مسلح افراد کا بھاری ہتھیاروں کے ساتھ گشت مقامی آبادی میں خوف وہراس پھیل گیا مقامی آبادی اور عینی شاہدین کے مطابق نصیرآباد کے علاقوں چھتر فلیجی شیرانی کھیا باغڑی پٹ (بقیہ نمبر10 صفحہ نمبر3 پر)

پاک ایران برادری جغرافیائی سرحدوں سے بالاتر ہے، سید ابوالحسن میری

دونوں قوموں کا ناقابل تنسیخ رشتہ جغرافیائی سرحدوں سے کہیں بالاتر ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر کوئٹہ میں تعینات اسلامی جمہوریہ ایران کے کلچرل اتاشی و ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ سید ابوالحسن میری نے اپنے ویڈیو بیان میں تمام پاکستانی عوام، بالخصوص کوئٹہ اور بلوچستان کے شہریوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے اس بیان میں انہوں نے کہا کہ 14 اگست کا دن محض ایک تقویمی جشن نہیں بلکہ ایک ایسی غیور قوم کی داستان شجاعت ہے جس نے اپنی شناخت اور آزادی کے لیے عظیم جدوجہد کی؛ جبکہ حالیہ مہینوں میں انتکباری وصیہونی جارحیت اور رہبر امت امام خامنہ ای (بقیہ نمبر12 صفحہ نمبر2 پر)

نصیرآباد، اراکین اسمبلی جشن آزادی منانے حلقوں میں پہنچ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد ڈویژن جشن آزادی کی تقریبات صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، میر سلیم کھوسہ، میر عاصم کرد گیلو، سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، صوبائی مشیران سردار بابا غلام رسول عمرانی، میر محمد خان لہڑی سمیت اراکین صوبائی اسمبلی طویل (بقیہ نمبر11 صفحہ نمبر2 پر)

لاہور، بادامی باغ میں فائرنگ سے جاں بحق سب انسپکٹر اور ہیڈ کانسٹیبل کی لاشیں پڑی ہوئی ہیں

کوہِ یار
پبلشر و چیف ایڈیٹر۔ خالد ریکسانی
پرنٹر۔ صادق پرنٹنگ پریس جنرل روڈ کوئٹہ
مقام اشاعت۔ دفتر روزنامہ کوہ یار
سائٹ نمبر 203 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ
koheyarnews@gmail.com

خواتین بااختیار بن کر اپنے علاقوں میں رول ماڈل بنیں، وجیہہ قمر

خواتین کو عملی اور مارکیٹ میں قابل قدر مہارتوں سے آراستہ کرنے کیلئے مثبت اثرات نہ صرف انفرادی سطح پر بلکہ اگلے خاندانوں اور پوری کمیونٹی تک پہنچتے ہیں

نوجوان خواتین کے لئے ایسے مواقع اور راستے پیدا کئے جائیں جو انہیں اعتماد، وقار، معاشی خودمختاری اور پائیدار ذریعہ معاش کے حصول میں مدد فراہم کریں، وزیر مملکت

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر مملکت تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت وجیہہ قمر نے بلوچستان کی خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت بلوچستان کے پروگرام رائز کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنے علاقوں میں رول ماڈل بنیں اور دیگر خواتین کو بھی ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع حاصل کرنے کی ترغیب دیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اسلام آباد میں بلوچستان کے اضلاع پنجگور، کیچ اور گوادر سے تعلق رکھنے والی 75 خواتین سے ملاقات ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی یہ خواتین حکومت (بقیہ نمبر13 صفحہ نمبر2 پر)

☆☆☆ صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو حلقہ انتخاب کے دورے کے موقع پر ڈی سی آفس کچھی میں یوم آزادی کے انتظامات اور امن و امان کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆